# نیا پھل اور غلہ (گندم وغیرہ) پاس آئے تو یہ دعا پڑھی جائے

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا

**ترجمہ :**

اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرما، اور ہمارے لیے ہمارے شہر میں برکت عطا فرما، اور ہمارے لیے ہمارے صاع (پیمانے) میں برکت عطا فرما، اور ہمارے لیے ہمارے مُدّ (پیمانے) میں بھی برکت عطا فرما۔

**صحیح مسلم کی حدیث مبارک میں ہے :** عن أبي هريرة أنه قال: كان الناس إذا رأوا أول الثمر جاؤوا به إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فإذا أخذه رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: **اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا** ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ (یعنی صحابہ کرام) جب (موسم کا) پہلا پھل دیکھتے تو اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اپنے دستِ مبارک میں لیتے تو یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے۔ (صحیح مسلم، جلد4، صفحہ116، رقم الحدیث : 1373، مطبوعہ دار طوق النجاۃ)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net